روحِ اخبار

— معلوم ہوا ہے کہ بی۔ این۔ ڈبلیو ریلوے کے متعلق بہار میں جو ایجی ٹیشن ہو رہی تھی وہ بے اثر ثابت نہیں ہوئی، بلکہ حکومتِ ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۹۴۲ء میں کمپنی کا اجارہ ختم ہونے پر ریلوے کو خرید لیا جائے۔ سرکاری طور پر اس کا اعلان اسوقت ہوگا جب آنریبل کنزرو اس مسئلہ پر کونسل آف اسٹیٹ میں ایک قرارداد پیش کریں گے۔ (انقلاب ۶ ۱۱؍۴۱ء)

— آئندہ ماہ جولائی سے امریکہ میں سامان جنگ کی تیاری پر ۲۰ کھرب ڈالر ماہوار خرچ ہوگا اور اس کے بعد بھی اس میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا جائیگا۔ (〃)

— گزشتہ جنگ عظیم میں ہندوستان کے خزانہ سے برطانیہ کو ۱۱ کروڑ ۳۶ لاکھ پونڈ دیا گیا۔ اس کے علاوہ ہندوستان نے ۳ کروڑ ۳۲ لاکھ پونڈ اس بار لڑنے والی ہندوستانی فوجوں پر صرف کیا۔ اس لڑائی میں ۶۲ ہزار ہندوستانی ہلاک اور ۶۷ ہزار زخمی ہوئے۔ (تیج ۶ ۱۱؍۴۱ء)

— معلوم ہوا ہے کہ ٹرکی کے مشرقی علاقے میں پٹرول کے نئے چشمے برآمد ہوئے ہیں۔ ماہرین کا خیال ہے کہ ابتک جتنے چشمے دریافت ہوچکے ہیں ان کی نسبت ان نئے چشموں میں پٹرول کی مقدار بہت زیادہ ہے (زمزم)۔

— جون ۱۹۴۰ئے سے ۲۵ر اکتوبر ۱۹۴۱ء تک ہندوستان کے تمام دفاعی قرضوں کے چندے کی میزان ۹۲ کروڑ ۶۲ لاکھ ۲۷ ہزار روپیہ ہوئی۔ (انقلاب ۷ ۱۱؍۴۱ء)

— معلوم ہوا ہے کہ حکومتِ ہند نے ایک ارب ۵۰ کروڑ گز پٹ سن تیار کرنے کا آرڈر دیا ہے (〃)

— گورنر بنگال کو رنپور میں ۱۰ ہزار روپیہ جنگی فنڈ کیلئے پیش کیا گیا (〃)

— کلکتہ ۶ر نومبر: ریلوے کے حکام ایسی تدابیر پر غور کر رہے ہیں کہ شہر (کلکتہ) کے دونوں سروں پر جو دو ریلوے اسٹیشن یعنی ہوڑہ اور سیالدہ ہیں ان میں ایسے انتظامات کر دیئے جائیں کہ اگر دشمن کے اقدام کے باعث شہر کلکتہ کو خالی کرنے کی ضرورت پڑے تو لوگوں کو تکلیف نہ ہو (انقلاب ۸ ۱۱؍۴۱ء)

— گیارہ اشخاص کو الہ آباد کے مختلف مقامات سے گرفتار کیا گیا ہے۔ ان کے خلاف ایک روپے کے جعلی نوٹ اور روپے بنانے کا الزام ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پولیس نے ایک روپیہ کے ایک ہزار جعلی نوٹ اور نوٹ بنانے کے سامان پر قبضہ کیا۔ (〃)

— گورنمنٹ ہند نے گیہوں کی قیمت پر کنٹرول کرنے کی غرض سے اپنے فیصلے کا اعلان کر دیا ہے کہ وہ ۴ روپے چھ آنے فی من مقرر کرنا چاہتی ہے۔

الشیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔